فلمستان لمیٹڈ کا نیا شاہکار

सम्राट



اداکاران

ریحانہ ۔ اجیت ۔ رام سنگھ ۔ سپرو

وغیرہ وغیرہ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

سٹوری ریاست کے دیوان گیان سنگھ پوشیدہ طور پر بھارتیہ جہازوں کو لوٹنے والے سمندری ڈاکوؤں کے سردار ڈونڈا سے ملے ہوئے تھے۔ ایکدن بہادر انسان ساگر نے اپنے دو ساتھیوں کے ہمراہ ریاست سے متعلق ایک ٹاپو کی طرف اِن ڈاکوؤں کو اپنے جہاز کے ساتھ بڑھتے دیکھ لیا۔ جیسے ہی وہ ٹاپو کی طرف آئے اُنہوں نے ایک نوجوان کو خنجر سے گھائل پڑے دیکھا۔ آگے پردہ پر۔۔۔

سمراٹ کے گانے

نمبر ۱

بجلی:۔

گورا بھی اچھا کالا بھی اچھا۔ اچھا مگر دل والا۔ چاہے گورا چاہے کالا
گورا بھی اچھا۔۔۔۔
آنکھ جوانی کی چپکے سے لڑ گئی ۔ گورے کو چھوڑ کے کالے پہ پڑ گئی
دِل میں سما گیا کالا کالا کالا ۔ گورا بھی اچھا۔۔۔۔
سب سے ظالم ہے وہ لٹیرا ۔ پیار سے لوٹے جو دل میرا
ہے کوئی ایسا دل والا ۔ کالا کالا کالا ۔ گورا بھی اچھا۔۔۔۔
وقت ہے تھوڑا بات بہت ہے۔ بھاگ چلو تو رات بہت ہے
دال میں ہے کچھ کالا کالا کالا ۔ گورا بھی۔۔۔۔۔

نمبر ۲

یہ خاموشیاں یہ سماں یہ تاروں بھرا آسماں
نہ جانے کدھر لے چلیں یہ تقدیر کی کشتیاں
یہ کیسی بجی بانسری مچلنے لگی زندگی
کوئی آواز دیکے مجھے چھپ گیا ہے نہ جانے کہاں
چاندنی رات کا یہ سفر۔ ختم ہوگا کہاں کیا خبر
اے میرے ہمسفر یہ بتا جارہی ہیں یہ موجیں کہاں

کورس:۔ منظر

شباب ہی شباب ہے یہ رات لاجواب ہے
حُسن ہے حجاب میں عشق بے نقاب ہے
اِدھر اُدھر یہاں وہاں۔ ہیں مستیوں کے کارواں
اُمڑ رہی ہیں بدلیاں۔ چمک رہی ہیں بجلیاں
نظر نظر سوال ہے۔ نظر نظر جواب ہے
قدم قدم پہ ہے نشہ۔ کسی کو کچھ نہیں پتہ
وہ کون تھا کدھر گیا۔ ابھی ابھی جو پاس تھا
عجیب سی یہ نیند ہے۔ عجیب سا یہ خواب ہے
شباب ہی شباب ہے۔ یہ رات ۔ ۔ ۔ ۔
کوئی کسی پہ مر مٹا کوئی کسی کا ہو گیا
ہیں عشق کے یہ معاملے جو پا گیا سو کھو گیا

حساب کی نہ پوچھئے یہ بات بے حساب ہے
شباب ہی شباب ہے....

نمبر ۴

کورس :۔ سب کو مبارک نیا سال ۔ نیا سال یہ نیا سال
راجکماری :۔ سال پُرانا ہُوا فسانہ چھوڑ دیجی یہ قصّہ
نئی بہاریں نئی جوانی نئے سال کا حصّہ ۔ گیا دسمبر
کورس :۔ جا لینے دو راجکماری :۔ آئی جنوری
" :۔ آ لینے دو ۔ دل سے دل ٹکرا لینے دو
ٹکرا لینے دو ٹکرا لینے دو ہے نیا سال سبکو مبارک ....
راجکماری :۔ جانیوالے ٹاٹا ۔ آنیوالے آجا
آجا لیکے خوشیوں کا جام ۔ تجھکو سب کا سلام
کر دجی ہنستے ہنستے ۔ آنے والے سال کو ہنستے
گیا دسمبر ۔ جا لینے دو
آئی جنوری ۔ آ لینے دو
دل سے دل ٹکرا لینے دو ۔ ہو نیا سال سب کو مبارک ...
راجکماری :۔

نمبر ۵

کہتے ہیں کہ یہ دُنیا ہے بازار وفا کا
ملتا نہ مگر کوئی خریدار وفا کا

دُنیا سے کیا کریں وفا ۔ وفا کے بدلے ملے جفا
دیکھی زمانے تیری ادا ۔ دیکھے دِل دیکھا پیار ہے دھوکا
پیار کا دھوکا کوئی کھائے نا ۔ جیتے جی مر جائے نا
کر کے محبت ہم نے یہ سمجھا کوئی یہ روگ لگائے نا ۔ اپنا آپ گنوائے نا
غم سے ہے دِل بھرا ہوا ۔ زخم جگر بھی ہرا ہُوا
دیکھی زمانے تیری ادا .... اکھیاں نہ ملتیں کلیاں نہ کھلتیں
کھِل کے نہ باغ اُجڑتے ۔ مِل کے دِل نہ بچھڑتے
کرتی جو دُنیا قدر وفا کی ۔ بن کے نہ کھیل بگڑتے
کہتا ہے یہ دِل جلا ہُوا ۔ پیار میں کِس کا بھلا ہُوا ۔ دیکھی ...
راجکماری :۔ نمبر ۶

یہ خاموشیاں یہ سماں یہ تاروں بھرا آسماں

نہ جانے کدھر سے چلی ہیں تقدیر کی کشتیاں
ہم نے سمجھا جسے آسرا ۔ آنکھیں کھولیں تو اِک خواب تھا
کیا کہیں کِس طرح دِل کی راہوں میں لُٹ گیا یہ کارواں
ہم وہی ہیں وہی رات ہے ۔ پر نہ پہلی سی وہ بات ہے
ہے چمن بھی وہی بھی وہی باغباں ۔ پر نہیں مہرباں
اے میرے پیار کی زندگی ۔ آرزو اب تیری چھوڑ دی
آ گئے مِل کے ہم لے خبر ا ۔ ختم ہونے لگی داستاں ۔

بجلی:-

نمبر ۷

میری دم بھر نہ پاپن آنکھ لگی - میں تو راجہ جی سگری رین جگی
کب تارے جگے کب تارے بجھے ۔ تم آئے نہ سارے کے سارے بجھے
کیسی کیسی کر بِرہا مار لگی ۔ میں تو راجہ جی.....
ساری دُنیا تو نندیا میں سوتی رہی - میں تو شبنم کے سنگ سنگ روتی رہی
میری آنکھوں سے اسوؤن دھار لگی ۔ میں تو.....
سیج پھولوں کی پیا بن ناگن بنی - بیری چندا چندنیاں سوتن بنی
ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا انگار بنی - راجہ جی.....

راجکماری:-

نمبر ۸

دو گھڑی ساتھ تیرے دِل میرا آباد رہا
اور پھر اس کے سوا کچھ نہ مجھے یاد رہا
یہ درد محبت کا دم بھر نہ سنبھلنے دے - کروٹ نہ بدلنے دے - یہ...
دیکھا کہ لگی دل کی بجھتی نہیں رونے سے
پھر پوچھ لئے آنسو جلتی ہے تو جلنے دے
دم بھر نہ سنبھلنے دے - کروٹ نہ..... یہ درد.....
رہ رہ کے مچلتے ہیں ارمان مرے دِل کے
کہتی ہے یہ مجبوری مچلیں تو مچلنے دے - دم بھر نہ .. یہ درد...

نمبر ۹

ہاتھ سینے پر جو رکھے اور ٹھنڈی سانس لے
حسن والے چیز کیا ہیں اُڑتی چڑیا پھانس لے
جان دینا عاشقوں کا کام ہے ۔ عشق بیچارا یونہی بدنام ہے
بر کے پہلو میں اُن کو دیکھکر ۔ دل پہ کیا گزری کسیکو کیا خبر
عاشقی کے امتحاں کا وقت ہے ۔ دیکھنا ہے آج اُلفت کا اثر
ڈر گیا جو عشق میں ناکام ہے
جان دینا ......
جسمیں قربانی نہ ہو وہ عشق کیا ۔ پوچھ پروانے سے جلنے کا مزا
رہ گیا دیوانہ جل کے آگ میں ۔ راکھ کے ذرّے سے بھی آئی یہ صدا
ایسے جلنے میں بڑا آرام ہے ۔ عشق بیچارا ......
اس ادا سے آج وہ محفل میں ہے ۔ دور رہ کر بھی ہمارے دل میں ہے
جی میں آتا ہے کہ یہ بھی دیکھ لیں ۔ زور کتنا بازوِ قاتل میں ہے
عشق میں تو روز قتل عام ہے ۔ عشق بیچارا .... (ختم شد)

ورکشاپ گائڈ

اس کتاب میں انجنیئرنگ ورکشاپ میں ہونیوالے جملہ کام جیسے خرادنگ ڈرلنگ گیس، ویلڈنگ ٹانکا لگانا۔ دھاتوں کی اقسام وزن وغیرہ سب کچھ بتایا گیا ہے۔ قیمت -/3 محصول ڈاک علیحدہ۔
رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

صنعت و حرفت کے خفیہ راز

مصنف نے اس کتاب میں اپنی تمام معلومات کا خزانہ جمع کر دیا ہے۔ کس طرح ایک غریب انسان تجارت کے ذریعہ نمایاں ترقی کرتا ہوا چند دنوں کے اندر مالدار بن سکتا ہے۔ یورپ۔ امریکہ جاپان کی بڑی بڑی تجارتی کمپنیوں کے فارمولے سینکڑوں اشیا بنانے کے قیمتی نسخے۔ صابون۔ تیل۔ کریم۔ پاؤڈر اور روزمرہ زندگی میں کام آنے والی سینکڑوں چیزوں کو بنانے اور بکری کرنے کے طریقے درج کیے گئے ہیں۔ گویا تجارت کے متعلق ایک جامع اور مکمل کتاب ہے۔ ہزارہا بے روزگاروں کو ہزاروں روپے کی تجارت سکھلا کر مالدار بنا چکی ہے۔

قیمت صرف -/3 محصولڈاک معاف

ملنے کا پتہ

رتن اینڈ کو بکیلرز دریبہ کلاں دہلی

[illegible]